افغانستان—تاجکستان-پاکستان

ٹرانسبونڈری پانی ورکشاپ

فاصلاتی تعلیم ماڈیول#21

پانی کے مطالعہ کے لئے اونچی سطح کی ٹیکنالوجی تک رسائی

عطیاتی امداد کے حصول کے لئے شراکت داری

- افغانستان اور تاجکستان پانی کے مسائل کا مطالعہ کرنے کے لئیے تکنیکی اور مالی وسائل کی کمی کا شکار ہیں۔

- پاکستان اپنے پانی کے مسائل کا مطالعہ کرنے کے لئیے نسبتاً بہتر تعلیمی اور مالی پوزیشن میں ہے لیکن شاید وہاں کچھ حد تک تو لگن کی کمی ہے اور کچھ حد تک اعلیٰ ٹیکنالوجی تک آسان رسائی کی کمی بھی ہے۔

- وسطی اور جنوب مغربی ایشیا میں پانی کے مسائل کے مطالعہ کے لئے تکنیکی ذرائع اوماہا میں نبراسکا یونیورسٹی (UNO) اور خوراک کے لئیے پانی کے لیے ڈوھرٹی بین الاقوامی ادارے (Dougherty Water for Food Institute) کے اہلکاروں کے پاس دستیاب ہیں.

- پانی کے مطالعے کے لیے بہترین طریقے ریموٹ سنسنگ اور زمینی سروے کی تکنیک ہیں.

- پانی کے مظاہر معلوم کرنے کے واسطے مطالعات کے لیے فنڈنگ عام طور پر امریکہ اور یورپ میں کئی اداروں سے دستیاب ہیں.

- یونیورسٹی اور حکومتی اہلکاروں اور نبراسکا یونیورسٹی اور ڈوھرٹی ادارے کے شمول میں بین الاقوامی شراکت داری قائم کی جاسکتی ہے تاکہ پانے کے بارے میں سارے فریقوں کے دلچسپی والے پہلوؤں کا مطالعہ کیا جاسکے.

- ایسی بین الاقوامی شراکتیں مختلف امدادی اداروں کو امداد کی درخواستیں دینے سے کامیاب نہیں ہوتیں لیکن پھر بھی یہ ممکنہ کامیابی کی طرف پہلا قدم ہوتا ہے.

- مستقبل میں کام کے لئے اچھے امکانات میں، عام طریقہ کار اور ڈیٹا جمع کرنے اور تبادلے کی مدد سے، برف باری کے چادر کی نگرانی(snow-cover monitoring) کرنا شامل ہے، خاص طور پر 2000 سے لے کر 45000 میٹر کی بلندی پر واقع برف کی.

- ریموٹ سنسنگ تحقیقات کے ذریعے افغانستان، تاجکستان، اور پاکستان کے اہم ترین گلیشیروں، جن سے بہت سارا پانی اخذ کیا جاتا ہے، کے تازہ ترین تحقیقات کا منصوبہ بھی بنایا گیا ہے اور ان تحقیقات کو جتنا جلدی ممکن ہو، کر دینا چاہیے تاکہ آنے والے وقتوں میں ایسے واقعات کم ہوں جن کا ہمیں پہلے سے پتہ نہیں تھا.

- یونیورسٹیوں کو چاہیے کہ برف کے مقدار، پگھلنے والے برف اور گلیشیروں کے بارے میں اپنے تدریسی استعدادات بڑھائیں کیونکہ یہ ملک کے ھائیڈرالاجیک سائیکل (میاھیاتی مدار) کے پہلو ہیں.

- پانی کے مزید پہلوؤں، جن کا مطالعہ کرنا ضروری ہے، میں شامل ہیں؛ سطحی اور زیر زمین پانی کی آلودگی، زیر زمین پانی کو کفایت شعارانہ طریقے سے نمک سے پاک کرنا(desalination)، موثر آبپاشی، آبپاشی کے دوران پانی کے ضیاع میں کمی، اور دیگر کئی ایسے مسائل.